وزیر دفاع جناب راجناتھ سنگھ تاجکستان میں SCO کی سربراہانِ حکومت کی کونسل اجلاس میں بھارت کی نمائندگی کریں گے

وزیر دفاع جناب راجناتھ سنگھ، شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کی 'کونسل آف ہیڈز آف گورنمنٹ' (CHG) کے25 ویں اجلاس میں بھارت کی نمائندگی کرنے کے لیے تاجکستان کے شہر دوشنبہ کا دورہ کریں گے۔ یہ اجلاس 19–20 اکتوبر 2026 کو منعقد ہونا طے پایا ہے.

2. یہ اجلاس ایس سی او (SCO) کے رکن ممالک کے درمیان کثیر الجہتی تعاون، خصوصا تجارت، معیشت، سرمایہ کاری، روابط، جدت طرازی اور ثقافتی و انسانی تبادلوں کے شعبوں میں، مضبوط بنانے پر مرکوز ہوگا. اجلاس میں جاری تعاون کے اقدامات پر ہونے والی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا جائے گا اور تنظیم کے مالیاتی و ادارہ جاتی امور کے انتظام و کارکردگی سے متعلق فیصلوں پر غور کیا جائے گا.

3. بھارت شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے مختلف طریقۂ کار میں فعال طور پر شرکت کر رہا ہے اور اسٹارٹ اَپس و جدت طرازی، ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے اور عوامی سطح پر باہمی تبادلوں جیسے شعبوں میں اقدامات کے ذریعے علاقائی تعاون کے فروغ میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے.

4. یہ اجلاس بھارت کو SCO کے دیگر رکن ممالک کے ساتھ تنظیم کے دائرۂ کار میں عملی اور باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو آگے بڑھانے کے حوالے سے خیالات کے تبادلے کا موقع فراہم کرے گا.

5. CHG کا گزشتہ اجلاس روس کے شہر ماسکو میں 18 نومبر 2025 کو منعقد ہوا تھا، جس میں بھارت کی نمائندگی وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کی تھی.

نئی دہلی
اکتوبر 19، 2026